بچی کا نام "ام حبیبہ" رکھنا

مجیب: مولانا ذاکر حسین عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-2917

تاریخ اجراء: 23 محرم الحرام 1446ھ / 30 جولائی 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

ام حبیبہ نام کا کیا معنی ہے اور یہ نام رکھنا کیسا؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

امِ حبیبہ کا معنی ہے: "حبیبہ کی ماں۔" اور یہ ہماری پیاری امی جان، حضور علیہ الصلاۃ والسلام کی زوجہ سیدہ رملہ رضی اللہ تعالی عنہا کی کنیت ہے اور کنیت بطور نام رکھنا بھی جائز و درست ہے جیسا کہ حضرت عبد الرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے حضرت ابو سلمہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں مشہور ہے کہ ان کی کنیت ہی ان کا نام تھی، لہذا بچی کا نام "امِ حبیبہ" رکھنا شرعاً جائز و درست ہے۔

مرأۃ المناجیح میں ہے"(حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالی عنہا) آپ کا نام رملہ بنت ابو سفیان ہے، کنیت امِ حبیبہ، امیر معاویہ کی بہن ہیں، آپ کی والدہ صفیہ بنت عاص یعنی حضرت عثمان غنی کی پھوپھی ہیں، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ آپ کا نکاح نجاشی شاہ حبشہ نے کیا، 44 سن ہجری میں مدینہ منورہ میں وفات پائی۔" (مرآۃ المناجیح، ج2، ص221، نعیمی کتب خانہ، گجرات)

فتح الباری لابن حجر میں ہے:" والكنية ما صدرت بأب أو أم "ترجمہ: کنیت وہ علم ہے جو "اب" یا "ام" سے شروع ہو۔ (فتح الباری لابن حجر، جلد06، صفحہ560، دار المعرفة، بیروت)

کنیت کے بطور نام ہونے کے متعلق عمدۃ القاری میں ہے:" كثير من الأسماء المصدرة بالأب أو الأم لم يقصد بها الكنية، وإنما يقصد بها إما العلم وإما اللقب ولا يقصد بها الكنية "ترجمہ: بہت سے نام "اب، ام" سے شروع ہوتے ہیں لیکن ان سے کنیت مقصود نہیں ہوتی بلکہ اس سے یا تو نام مقصود ہوتا ہے یا لقب، اس سے کنیت مراد نہیں ہوتی۔ (عمدۃ القاری شرح صحیح البخاری، جلد22، صفحہ218، دار إحیاء التراث العربی، بیروت)

حضرت ابو سلمہ بن عبد الرحمن کی کنیت کے متعلق عمدۃ القاری ہی میں ہے:"وأبو سلمة هو ابن عبد الرحمن بن عوف والمشهور أن هذه الكنية هي اسمه"ترجمہ: ابو سلمہ جو کہ عبد الرحمن بن عوف رضی اللہ عنہما کے بیٹے ہیں، ان کے متعلق مشہور ہے کہ ان کی کنیت ہی ان کا نام ہے۔(عمدۃ القاری شرح صحیح البخاری، جلد19، صفحہ111، دار إحیاء التراث العربي، بیروت)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net